# 126941 ـ کیا فرشتے ذکر کی ایسی مجلس میں بھی آتے ہیں جہاں پر خواتین نے سر ڈھکے ہوئے نہ ہوں؟

### سوال

کیا یہ صحیح ہے کہ اگر خواتین نے ذکر کی مجلس میں اپنے سروں کو ڈھکا ہوا نہ ہو تو وہاں فرشتے نہیں آتے؟

### پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

"مجھے ایسی کسی دلیل کا علم نہیں ہے۔ چنانچہ خواتین قرآن کریم کی تلاوت اور اللہ کا ذکر سر کو کھلے رکھے ہوئے بھی کر سکتی ہیں بشرطیکہ کے ان کے پاس کوئی اجنبی نہ ہو، اور اس سے فرشتوں کے داخل ہونے میں کوئی رکاوٹ بھی نہیں آتی۔ اللہ تعالی توفیق دینے والا ہے۔"

"مجموع فتاوی ابن باز" (24/85)

واللہ اعلم